ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (038)

17.01.2023

## بہاول پور ( عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے ڈاکٹرز کے بہترین تعاون پر سال 2022 میں 1500 سے زائد میڈیکولیگل سرٹیفیکیٹ بنائے گئے جس میں عوام الناس کو معاونت فراہم کی گئی۔ میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی میں بہترین سروسز دینے والے ڈاکٹرز کو ڈی پی او بھاولپور کی طرف سے تعریفی سرٹیفکیٹس۔ ڈاکٹرز مسیحا ہوتے ہیں جو دنیا میں انسانیت کی زندگیوں کو محفوظ بنانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی طرف سے بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال کے ڈاکٹرز کے بہترین تعاون اور میڈیکولیگل میں فوری مدد دینے پر ڈاکٹرز کو تعریفی لیٹر جاری کیے گئے جن میں شعبہ حادثات کے ڈاکٹرز طاہر فرید ڈی ایم ایس، ڈاکٹر رانا شفیق ڈی ایم ایس، ڈاکٹر انتخاب عالم سی ایم او اسی طراح خواتین ڈاکٹرز میں ڈاکٹر درخشان مقصود ڈبلیو ایم او، ڈاکٹر شازیہ کوثر ڈبلیو ایم او اور ڈاکٹر گل فاطمہ ڈبلیو ایم او شامل ہیں۔ ایک پر وقار تقریب میں ایم ایس بی وی ایچ ڈاکٹر عامر محمود بخاری نے ڈی پی او کی طرف سے دیے گئے تعارفی لیٹر ڈاکٹرز کے حوالے کیے اس موقع پر ڈائرکٹر شعبہ حادثات ڈاکٹر تصدق منیر اور انچارج خدمت کائنٹر بی وی ایچ صفدر بھٹی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈی پی او نے کہا کہ ڈاکٹر مسیحا ہوتے ہیں جو دنیا کیں انسانیت کی زندگیوں کو محفوظ بنانا ے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ وکٹوریہ ہسپتال کے ڈاکٹرز کی بہترین اور بروقت مدد سے سال 2022 میں 1500 سے زائد میڈیکولیگل سٹرفکیٹ بنائے گئے جس سے پولیس تفتیشی افسران نے فوری چالان مراتب کر کے عدالت ہائے میں بجھوائے۔ پولیسخدمت کاونٹر کے زریعے متاثرہ شخص / مضروب کو تھانہ کے بجائے براہ راست ہسپتال لے جا کر میڈیکل سہولت فراہم کی جاتی ہے اور ڈاکٹروں کے معائنے کے بعد میڈیکل سرٹیفیکیٹ بنائے جاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ضلعی فوکل پرسن ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل پولیس صفدر بھٹی اور انکی ٹیم 24 گھنٹے سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھے ہوئے ہیں جو کرپشن سے پاک، شفاف، با اخلاق اور بہترین ماحول میں باکردار ٹیم اپنے فرائض کی انجام دے رہی ہیں۔ خواتین کے لئے لیڈی پولیس کا عملہ بھی ہمہ وقت موجود ہوتا ہے جو کسی بھی ایمر جنسی یا حادثہ کی صورت میں ریسکیو 1122 سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔ متاثرہ شخص کی فوری طور پر رہنمائی کرتے ہوئے مضروب یا متاثرہ خاتون / مرد فوری طور پر طبی امداد و معائنہ کراتے ہیں۔ MLC کی تکمیل کے لئے فوری طور پر ڈاکٹرز / میڈیکل اسٹاف کے عملے سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور MLC کی تکمیل کے بعد متعلقہ تفتیشی آفیسر کو فوری طور پر آ گاہ کرتے ہیں جو کہ مقدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ پولیس خدمت کاونٹر ڈی پی او بہاول پور کے براہ راست نگرانی میں ہوتا ہے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کو معاری سروسز کی فراہمی کے لئے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔ میڈیکل لیگل سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے پولیس خدمت کاونٹر کا قیام معیاری سروسز کی فراہمی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی میں بہترین سروسز دینے والے ڈاکٹرز کو ڈی پی او بھاولپور کی طرف سے تعریفی سرٹیفکیٹس



بہاول پور: انسداد پولیو مہم کے دوران پولیو ورکرز کے ساتھ پولیس کے جوان سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے